LATVIJAS CILVĒKTIESĪBU CENTRS
LATVIAN CENTRE FOR HUMAN RIGHTS

UNHCR
The UN Refugee Agency



# ہر شخص کو پناہ طلب کرنے کا حق ہے ۔

## پناہ طلب کرنے والوں کے لیے معلوماتی کتابچہ

**تعارف** آپ اس وقت لیٹویا میں ہیں ۔ لیٹویا مشرقی یورپ میں یورپین یونین کی ایک ممبر ریاست ہے ۔ اس کی سرکاری زبان لیٹوین ہے ۔

اگر آپ اپنے آبائی ملک واپس جانے سے خوفزدہ ہیں اور اگر آپ اپنی حکومت سے تحفظ حاصل نہیں کر سکتے تو آپ پناہ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں ۔

نوٹ ۔ ہر شخص کو پناہ طلب کرنے کا حق حاصل ہے ۔

ہر شخص کو زبردستی خطرے میں واپس بھیجے جانے *(refoulement)* کے خلاف بین الاقوامی قانون کے مطابق تحفظ کا حق حاصل ہے ۔

لیٹویا میں تحریری مراسلت بہت اہمیت رکھتی ہے ۔ آپ کو چاہیے کہ ہر چیز کو تحریر میں لائیں خصوصاً اگر آپ حکام کے پاس کوئی درخواست لے کر جا رہے ہیں ۔ لہٰذا اگر آپ کو کسی مسئلے کا سامنا ہے تو براہ مہربانی ہمیشہ اس کا تحریری طور پر اظہار کریں ۔ آپ ایسا اپنی مادری زبان یا کسی بھی دیگر ایسی زبان میں کر سکتے ہیں جو آپ بولتے ہوں ۔

**پناہ — پناہ گزین یا متبادل سٹیٹس (اگر آپ کو اس قسم کی صورت حال کا سامنا ہے تو ۔ ۔ ۔ ۔)**

اگر آپ اپنا آبائی ملک اس لیے چھوڑ کر آئے ہیں کہ آپ کے بنیادی حقوق اور آزادی کو سنگین خطرہ لاحق ہے ، آپ کو اپنی نسل ، مذہب ، قومیت ، سیاسی نظریات یا کسی مخصوص سماجی گروپ کی رکنیت کی وجہ سے ایذا رسانی /امتیازی سلوک کا نشانہ بنایا گیا ہے یا اپنے آبائی ملک واپس جانے پر ایذا رسانی /امتیازی سلوک کا خطرہ ہے اور اگر آپ کی ریاست (حکومت ) آپ کو تحفظ فراہم نہیں کر سکتی یا کرنا نہیں چاہتی تو آپ لیٹویا میں پناہ حاصل کر سکتے ہیں ۔ اگر مندرجہ بالا حالات میں سے کسی ایک کا ثبوت فراہم ہو جائے تو آپ کو پناہ گزین کا سٹیٹس اور لیٹویا میں مستقل رہائش کا اجازت نامہ مل سکتا ہے ۔

اگر آپ اپنے آبائی ملک کو اپنی زندگی ، جسمانی سلامتی اور آزادی کو مسلح تصادم ، ملک میں عمومی طور پر ہونے والے تشدد ، بیرونی حملے یا انسانی حقوق کی وسیع پیمانے پر خلاف ورزی کی وجہ سے لاحق ہونے والے خطرے کی وجہ سے چھوڑ کر آئے ہیں یا اپنے آبائی ملک واپس جانے کی صورت میں آپ کو مندرجہ حالات کا سامنا کرنے کا اندیشہ ہے تو تب بھی آپ کو لیٹویا میں پناہ فراہم کی جا سکتی ہے ۔ مندرجہ بالا میں سے کوئی حالات ثابت ہو جانے کی صورت میں آپ کو متبادل سٹیٹس کے ساتھ عارضی رہائش کا اجازت نامہ فراہم کیا جائے سکتا ہے جس پر سال نظر ثانی کی جائے گی ۔

**پناہ کے لیے درخواست دینے کے لیے آپ کو کیا کرنا چاہیے ؟** آپ کو چاہیے کہ جتنا جلد آسانی سے ممکن ہو تحریری یا زبانی طور پر پناہ کے لیے درخواست دے دیں ۔ آپ لیٹویا میں اپنی آمد کے بعد ایئرپورٹ ، بندرگاہ یا سرحد پار کرنے کے کسی بھی مقام پر ایسا کر سکتے ہیں ۔ آپ لیٹویا میں آنے کے بعد بھی پناہ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں ۔ آپ کو اپنی درخواست سٹیٹ بارڈر گارڈ (ما بعد SBG) کے کسی بھی کے ٹیریٹوریل یونٹ ، آفس آف سٹیزن شپ اینڈ مائیگریشن افیئرز (ما بعد OCMA) کے نمائندوں ، سٹیٹ پولیس (ما بعد SP) ، یا پرزن ایڈمنسٹریشن یعنی جیل کی انتظامیہ (مابعد PA) کے پاس جمع کرانا ہو گی ۔

آپ ان اداروں کو اپنی مادری زبان یا کسی بھی ایسی دیگر زبان میں پناہ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جو آپ سمجھ اور بول سکتے ہوں ۔ اگر آپ کو انگلش ، رشین یا فرنچ زبان آتی ہے تو یہ بہتر ہو گا کہ آپ اپنی درخواست ان میں سے کسی زبان میں لکھیں کیونکہ افسران کی اکثریت

ان میں سے کوئی ایک زبان بول سکتی ہے اور اس کو بغیر ترجمے کے سمجھ سکے گی۔ تاہم آپ کو مراسلت کی زبان کا انتخاب کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ آپ کو چاہیے کہ آپ SBG، OCMA، SP یا PA کو اپنی کسی خصوصی ضرورت (مثلاً آپ کی جسمانی یا ذہنی حالت سے متعلق) کے بارے میں مطلع کر دیں۔ بہتر ہو گا آپ یہ اسی دن کر دیں جس دن آپ نے اپنی پناہ کی درخواست جمع کرائی ہے۔

نوٹ۔ اس عمل کے ہر مرحلے میں معلومات تک رسائی آپ کا حق ہے۔ حکومت کے افسران کا فرض بنتا ہے کہ وہ آپ کو یہ فراہم کریں۔ براہ مہربانی ان سے اس بارے میں دریافت کریں۔

**اس کے بعد کیا ہو گا؟** آپ جس دن پناہ کے لیے درخواست جمع کرائیں گے اسی دن یا اس کے بعد جلد ہی آپ سے ایک "ابتدائی انٹرویو" کیا جائے گا جس میں SBG والے آپ سے آپ کے ذاتی کوائف کے بارے میں پوچھیں گے اور آپ کی تصویر اور انگلیوں کے نشانات لیے جائیں گے۔ SBG والے دیگر انفرادی حالات جاننے کے لیے بھی آپ سے سوالات کریں گے۔ آپ کو چاہیے کہ آپ اپنی شناخت کی تصدیق کرنے والے تمام کاغذات اور چیزیں ان کے حوالے کر دیں۔ اپنی ذاتی دستاویزات کو تلف نہ کرنا ہی آپ کے بہترین مفاد میں ہے!

نوٹ۔ آپ کی تمام دستاویزات بہت اہمیت رکھتی ہیں۔ براہ مہربانی ان کو بحفاظت رکھیں۔

پناہ کی ہر درخواست کو 10 کاروباری دنوں کے اندر OCMA کی طرف بھیج دیا جائے گا۔ اگر درخواست سرحد کو پار کرنے والے کسی مقام پر یا کسی ٹرانزٹ زون میں جمع کرائی گئی تھی وہ ۲ کاروباری دنوں میں OCMA تک پہنچ جائے گی۔

اگر آپ لیٹویا کے اندر ہیں تو ۱۰ کاروباری دنوں میں یا اگر آپ سرحد پار کرنے کے کسی مقام پر یا کسی ٹرانزٹ زون میں ہیں تو ۵ کاروباری دنوں کے اندر OCMA اس چیز کا فیصلہ کرتا ہے کہ درخواست پر غور کیا جائے یا نہیں۔ اگر آپ نے اس سے پہلے کسی یورپین ملک میں پناہ طلب کی ہو تو OCMA یہ فیصلہ کر سکتا ہے کہ آپ کی پناہ (طلب کرنے) کا عمل وہیں ہو گا (اس کو ڈبلن پروسیجر کہا جاتا ہے)۔ اگر آپ کو اپنی پناہ کی درخواست کے جائزے کے لیے کسی دوسرے ملک جانے کی ضرورت نہ ہو تو OCMA کا ایک نمئندہ آپ سے ایک تفصیلی انٹرویو (ابتدائی انٹرویو کی نسبت زیادہ تفصیلی) کرے گا۔ اس انٹرویو کے دوران آپ یہ بتا سکتے ہیں کہ آپ کے ساتھ کیا ہوا، آپ کو کیوں اور کیسے اپنا آبائی ملک چھوڑنا پڑا اور آپ کو اس چیز کی وجوہات بتانا ہوں گی کہ آپ وہاں واپس کیوں نہیں جا سکتے۔ یہ انٹرویو OCMA کو آپ کی درخواست پر غور کرنے کا فیصلہ کرنے کے ۲ مہینے کے اندر اندر کرنا ہو گا۔ آپ کو جو کچھ کہنا ہے اس پر انٹرویو سے پہلے اچھی طرح سوچ بچار کرنا نہ بھولیں۔

نوٹ۔ آپ کے پاس اس زبان میں بات چیت کرنے اور جواب وصول کرنے اور ترجمان (کی خدمات) حاصل کرنے کا حق موجود ہے جو آپ کی سجمھ میں آتی ہے۔

آپ کی درخواست پر معمول کی تمام کاروائیوں کے لیے ضرورت پڑنے پر ایک ترجمان فراہم کیا جائے گا۔ اگر ترجمان کی بات آپ کی سمجھ میں نہیں آ رہی یا آپ کے خیال میں آپ جو کچھ کہہ رہے ہیں ترجمان اس کا درست طریقے سے ترجمہ نہیں کر رہا تو آپ کو چاہیے کہ آپ انٹرویو لینے والے افسر کو اس سے مطلع کریں آپ ترجمان کو تبدیل کرنے کے لیے بھی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ کی درخواست کا جائزہ لیے جانے کی صورت میں آپ کے تفصیلی انٹرویو والے دن کے بعد 20 کاروباری دنوں (غیر ممولی پروسیجر) یا ۳ مہینے (معمول کے پروسیجر) کے اندر اندر، لیکن پناہ کے لیے دی گئی آپ کی درخواست کی رجسٹریشن کے 6 تا 15 ماہ سے زیادہ تاخیر سے نہیں، اس کے متعلق فیصلہ کر دیا جائے گا۔

آپ کی درخواست پر غور کرنے کے دوران زیادہ امکان یہی ہے کہ آپ کو ریسپشن سنٹر فار اسائیلم سیکرز "میوچینیکی" (لیٹویا کے دارالحکومت ریگا کے قریب) میں ٹھہرایا جائے گا۔ آپ کے حراست میں ہونے کی صورت میں آپ کو اکاموڈیشن سنٹر فار ڈیٹینڈ فارنرز میں منتقل کر دیا جائے گا۔

**پابندی لگانے کے طریقے** SBG کے پاس پابندی لگانے کے طریقے استعمال کرنے کا اختیار موجود ہے لیکن وہ ایسا ضروری ہونے کی وجوہات فراہم کرتے ہیں۔ پابندی لگانے کے ان طریقوں میں شامل ہیں a) SBG کے کسی ٹیریٹوریل یونٹ میں رجسٹریشن اور b) حراست۔ اگر یہ حکام آپ کو پابند کرنے کے اقدامات اٹھانے کا فیصلہ کرتے ہیں تو وہ آپ کو تحریری طور پر مطلع کریں گے اور جو زبان آپ سجمھتے ہیں اس زبان میں آپ کو بتائیں گے کہ وہ ایسا کیوں کر رہے ہیں۔ SBG کی طرف سے آپ کو پابندی کے طریقوں کے بارے میں کیے گئے فیصلے کو چیلنج کرنے کے طریقے اور ریاست کی طرف سے بلا معاوضہ قانونی معاونت اور نمائندگی (بلا معاوضہ قانونی معاونت حاصل کرنے کا طریقہ) حاصل کرنے کے لیے درخواست دینے کے امکان کے بارے میں بھی بتایا جائے گا۔ اگر آپ ریاست کی طرف سے بلامعاوضہ قانونی معاونت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو SBG کے نام درخواست دینا ہو گی۔ SBG والے لیگل ایڈ ایڈمنسٹریشن کے نام قانونی معاونت کے لیے درخواست بھیجیں گے جو ایک ایسا ادارہ ہے جو کہ قانونی معاونت فراہم کے لیے ذمہ دار ہے۔ آپ کے لیے مقامی غیر سرکاری تنظیموں سے بلا معاوضہ قانونی معاونت طلب کرنا بھی ممکن ہے۔ (اس کتابچے کے آخر میں دی گئی فہرست ملاحظہ کریں)۔

**قانونی معاونت** ایک پناہ گزین کے طور پر آپ اپنے خرچ پر کسی وکیل کی خدمات حاصل کرنے کے حقدار ہیں۔ لہذا یہ ضروری ہے کہ آپ وکیل کے ساتھ قانونی مصارف پیشگی طور پر طے کر لیں۔ اگر آپ کے پاس رقم تھوڑی یا بالکل نہیں تو اس بات کا امکان ہے کہ اپنے پناہ کے دعوے میں مدد کے لیے آپ ریاست کی طرف سے فراہم کردہ مفت قانونی معاونت کے حقدار ہوں۔ ریاست کی طرف سے فراہم کردہ مفت قانونی معاونت کے تحت OCMA کے فیصلے کے خلاف ایڈمنسٹریٹو ڈسٹرکٹ کورٹ کے پاس اپیل کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ ریاست کی طرف سے فراہم کردہ مفت قانونی معاونت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو اپنی درخواست SBG یا OCMA کے پاس جمع کرانا ہو گی۔

نوٹ۔ SBG یا OCMA کے کسی بھی فیصلے کو مقرر کردہ طریقے کے مطابق چیلنج کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ OCMA کے فیصلے کو یا پابندی کے طریقے کو چیلنج کرنا چاہتے ہیں تو آپ ریاست کی طرف سے فراہم کردہ مفت قانونی معاونت طلب کر سکتے ہیں۔

**فیصلہ موصول ہونے نے بعد** آپ کو فیصلہ OCMA کی طرف سے موصول ہو گا۔

یہ فیصلہ آپ کے موافق ہو سکتا ہے (آپ کی پناہ کی درخواست منظور ہو جائے اور آپ یہاں پر پناہ گزین کے سٹیٹس (*bēglis*) کے ساتھ یا ضمنی تحفظ (متبادل سٹیٹس) کے ساتھ رہ سکتے ہیں)۔ اگر آپ کو پناہ گزین کا سٹیٹس ملتا ہے تو آپ کو ایک آئی ڈی کارڈ ملے گا جو کہ 5 سال کے لیے کارآمد ہو گا اور آپ کو ضمنی تحفظ ملنے کی صورت میں آپ کا آئی ڈی کارڈ ایک سال کے لیے کارآمد ہو گا۔ (*alternatīvais statuss*) آپ ڈاکٹری امداد حاصل کر سکیں گے ، سکول یا یونیورسٹی میں داخلہ لے سکیں گے اور لیٹویا کے لوگوں کی طرح ہی سوشل سروسز حاصل کر سکیں گے۔ اب آپ کے پاس کام کرنے کا حق بھی ہو گا۔ آپ اپنے گھر والوں کو تلاش کر کے ان کو لیٹویا لانے کی کوشش بھی کر سکتے ہیں جس کو گھر والوں کے ساتھ دوبارہ ملاپ (reunification) کہا جاتا ہے۔ تاہم آپ کو یہ معلوم ہونا چاہیے کہ یہ ایک طویل اور پیچیدہ عمل ہے۔

آپ کو پناہ گزین کا سٹیٹس ملنے کی صورت میں پہلے 12 ماہ کے دوران (یا اگر اس تحریر کو پڑھتے وقت قانون میں ترمیم ہونے کی صورت میں دو مہینے کا الاؤنس شروع میں دینے کے بعد 10 ماہ تک) اور متبادل سٹیٹس ملنے کی صورت میں پہلے 9 ماہ کے دوران (یا اگر اس تحریر کو پڑھتے وقت قانون میں ترمیم ہونے کی صورت میں دو مہینے کا الاؤنس شروع میں دینے کے بعد ۷ ماہ تک) آپ کو 139 یورو کے حساب سے ماہانہ الاؤنس ملے گا۔ 18 سال سے کم عمر کے دوسرے اور تیسرے اہل خانہ کے لیے یہ الاؤنس 97 یورو ہو گا۔ آپ لیٹویا کے شہری بھی بن سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس پناہ گزین کا سٹیٹس ہے تو ۵ سال کے بعد آپ قانون میں بیان کی ہوئی بنیادوں پر شہریت حاصل کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ضمنی تحفظ فراہم کیا جاتا ہے تو آپ 10 سال کے بعد شہریت حاصل کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

فیصلہ آپ کے غیر موافق (آپ کی درخواست مسترد کر دی گئی) بھی ہو سکتا ہے۔ اگر فیصلہ آپ کے غیر موافق ہے اور آپ کے خیال میں آپ اپنے ملک واپس نہیں جا سکتے کیونکہ ایسا کرنا آپ کے لیے خطرناک ہو سکتا ہے تو آپ عدالت کی طرف رجوع کر کے اس فیصلے پر نظر ثانی کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ایسی صورت حال میں آپ OCMA کے فیصلے کے خلاف ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریٹو کورٹ میں اپیل کر سکتے ہیں۔ آپ کے پاس OCMA کو یہ بتانے کے لیے کہ آپ ان کے فیصلے کو قبول نہیں کر رہے ۱ ماہ (آپ کے معاملے کا جائزہ غیر معمولی طریقے سے لیے جانے کی صورت میں ۱۵ کاروباری دن) ہو گا۔ غیر موافق فیصلے کو چیلنج کرنے میں مدد کے لیے آپ ریاست کی طرف سے فراہم کردہ مفت قانونی معاونت کے حقدار ہوں گے۔ ریاست کی طرف سے فراہم کردہ مفت قانونی معاونت حاصل کرنے کے لیے درخواست دینے کے طریقے کے بارے میں معلومات OCMA کے غیر موافق فیصلے میں شامل ہوں گی۔

نوٹ۔ OCMA کا فیصلہ حتمی نہیں۔ اگر آپ اس فیصلے سے اتفاق نہیں کرتے تو آپ اس کے خلاف ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریٹو کورٹ میں ایک مہینے یا غیر معمولی پروسیجر کی صورت میں ۱۵ دن کے اندر اپیل کر سکتے ہیں۔ اس کی تفصیلات فیصلے کے اندر ہی بیان کی گئی ہوں گی۔

براہ مہربانی اس ڈیڈ لائن کو ذہن میں رکھیں کیونکہ اس کے ختم ہونے کے بعد OCMA کی طرف سے یہ سمجھا جائے گا کہ آپ نے اس کے غیر موافق فیصلے کو قبول کر لیا ہے اور آاب پ کے پاس صرف دوبارہ درخواست دینے کا امکان باقی رہ جاتا ہے۔ دوبارہ دی گئی درخواست کا جائزہ OCMA کی طرف سے غیر معمولی طریقہ کار سے لیا جائے گا اور صرف ان نئے حقائق پر غور کیا جائے گا جن کا پچھلی درخواست میں ذکر نہیں تھا۔ دوبارہ درخواست دینے میں آپ کے لیے OCMA کو اس بات پر قائل کرنا کہ آپ کو بین الاقوامی تحفظ درکار ہے مزید مشکل ہو جائے گا۔

عدالتی طریقہ کار میں ۵ دن سے لے کر ۳ مہینے تک کا عرصہ لگ سکتا ہے۔ آپ کی اپیل کے مسترد ہونے کی صورت میں پناہ طلب کرنے کا عمل ختم ہو جائے گا۔ آپ کو آپ کے آبائی ملک واپس بھیجنے کا عمل شروع ہو جائے گا اور روانگی کا حکم نامہ جاری ہو جائے گا۔

**اور ہاں** یہ بھی ممکن ہے کہ ہر چیز بالکل اس طریقے سے نہ ہو جس طرح اس کتابچے میں بیان کی گئی ہے۔ اگر آپ کو کسی چیز کی سمجھ نہیں آ رہی یا آپ کے خیال میں آپ کے حقوق کا احترام نہیں کیا گیا تو غصے کا اظہار مت کریں ، اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کریں اور اپنی صورت حال کے بارے میں SBG یا OCMA کے ذمہ دار حکام سے بات کریں۔ ہر قسم کی صورت حال میں ریاستی اداروں یا غیر سرکاری تنظیموں سے رابطہ کریں جو کہ آپ کو مستند قانونی معاونت یا مشورہ فراہم کرنے کے لیے قانونی سروسز فراہم کریں گے۔

# آپ اپنی مدد کے لیے کس سے رجوع کر سکتے ہیں ؟

**یونائیٹڈ نیشنز ہائی کمشنر فار ریفیوجیز (UNHCR) ریجنل ریپریزنٹیشن فار ناردرن یورپ**

14 Ynglingagatan ، چھٹا فلور ، SE-113 47 ، سٹاک ہوم ، سویڈن

ٹیلیفون: 80 48 457 8 46+

فیکس: 97 48 457 8 46 +

ای میل: swest@unhcr.org

http://www.unhcr-northerneurope.org

UNHCR ایک بین الاقوامی ادارہ ہے جس کو اقوام متحدہ کی طرف سے دنیا بھر میں پناہ گزینوں کے تحفظ اور پناہ گزینوں کے مسائل کے حل کے بارے میں اٹھائے گئے اقدامات کو شروع کرنے اور مربوط کرنے کا اختیار دیا گیا ہے ۔ UNHCR کا بنیادی مقصد پناہ گزینوں کے حقوق اور ان کی بہبود کا تحفظ ہے ۔ UNHCR کی طرف سے اس چیز کی پوری کوشش کی جاتی ہے کہ ہر شخص پناہ طلب کرنے کے حق کو عمل میں لا سکے اور کسی دوسرے ملک میں محفوظ طور پر پناہ حاصل کر سکے اور اپنی مرضی سے اپنے وطن واپس جا سکے ۔ ہر پناہ طلب کرنے والے شخص ، پناہ گزین یا متبادل سٹیٹس حاصل کرنے والے شخص کے پاس UNHCR کو درخواست دینے کا حق حاصل ہے ۔

**لیگل ایڈ ایڈمنسٹریشن**

Juridiskās palīdzības administrācija

Pils laukums 4, Rīga, LV-1050

ٹیلیفون: 80001801 371+ ، 67514208 371+

فیکس: 67514209 371+

ای میل:jpa@jpa.gov.lv

www.jpa.gov.lv

اپنے خرچے پر قانونی معاونت کے متحمل نہ ہونے والے لوگوں کے لیے حکومت کی طرف سے قانونی معاونت فراہم کی جاتی ہے ۔

**آفس آف دی امبڈزمن**

Tiesībsarga birojs

Baznīcas iela 25, Rīga, LV-1010

ٹیلیفون: 67686768 371 +

فیکس: 67244074 371+

ای میل: tiesibsargs@tiesibsargs.lv

www.tiesibsargs.lv

لوگوں کی شکایات اور درخواستوں پر نظرثانی کرتا ہے ، انسانی حقوق کے معاملات کے بارے میں مشاورت فراہم کرتا ہے اور زبردستی ملک بدری کے معاملات کی نگرانی کرتا ہے ۔

**لیٹوین سنٹر فار ہیومن رائیٹس (لیٹویا کا مرکز برائے انسانی حقوق)**

Latvijas Cilvēktiesību centrs

Alberta iela 13, Rīga, LV-1010

ٹیلیفون: 67039290 371+

فیکس: 67039291 371+

ای میل: office@humanrights.org.lv

www.humanrights.org.lv

یہ ایک غیر جانبدار غیر سرکاری تنظیم ہے جو UNHCR پراجیٹ کی بنیاد پر لیٹویا میں پناہ کے طالبین اور غیر قانونی تارکین وطن کے لیے قانونی معاونت فراہم کرتی ہے ۔

**دی سوسائٹی شیلٹر "سیف ہاؤس"**

NVO "Patvērums „Drošā māja"

Lāčplēša iela 75-9/10, Riga, LV-1011

ٹیلیفون: 67898343 371+ (صرف لیٹوین زبان میں)

25565098 371+ (انگلش زبان میں)

ای میل: konsultacijas@patverums-dm.lv

www.patverums-dm.lv

دی سوسائٹی شیلٹر "سیف ہاؤس" انسانی ٹریفکنگ کے شکار لوگوں ، قانونی تارکین وطن ، پناہ کے طالبین ، پناہ گزینوں اور لیٹویا میں متبادل تحفظ فراہم کیے گئے لوگوں کے لیے سپورٹ سروسز فراہم کرتی ہے ۔

**لیٹوین ریڈ کراس**

Latvijas Sarkanais Krusts

Šarlotes iela 1 d, Rīga, LV-1001

ٹیلیفون: 67336651 371+

فیکس: 67336652 371+

www.redcross.lv

دوسری چیزوں کے ساتھ ساتھ ضرورت مند لوگوں کو مشاورت ، معلومات ، معاونت ، کپڑے اور رہنے کی جگہ فراہم کرتا ہے ۔

**ریسورس سنٹر فار ویمن "Marta"**

Biedrība Resursu centrs sievietēm "Marta"

Matīsa iela 49 – 3 ریگا، LV-1009

ٹیلیفون: 67378539 371+

فیکس: 67378538 371

ای میل: centrs@marta.lv

www.marta.lv

خواتین کے لیے لیٹوین ، روسی اور انگلش زبان میں بلامعاوضہ قانونی معاونت ، نفسیاتی اور سوشل ورکرز کی خدمات فراہم کرتا ہے ۔